© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## العلم والعلماء

مصنف : علامہ ابن عبدالبر اندلسی۔ اردو ترجمہ : مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی

ملنے کا پتا : ادارۂ اسلامیات، انارکلی، لاہور

صفحات : ۳۰۴۔ قیمت چوبیس روپے پچھتر پیسے

حضرت علامہ ابن عبدالبر اندلسی (متوفی ۴۶۳ھ) کا اسم گرامی حلقہ اہل علم میں کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ ان کی تصنیفات میں "جامع العلم وفضلہ" ایک معروف اور عمدہ ترین تصنیف ہے، جس میں علم، علما، طلبا، آدابِ علم، آدابِ معلم اور آدابِ متعلم پر شاندار انداز سے گفتگو کی گئی ہے۔ تمام مواد قرآن، حدیث، اقوالِ صحابہ تابعین، تبع تابعین اور ائمۂ دین سے لیا گیا ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ مولانا ابوالکلام آزاد کے رفیقِ خاص مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی نے مولانا آزاد کے ایما سے ۱۹۲۷ء میں کیا تھا۔ ابتدا میں فاضل مترجم نے مقدمہ تحریر کیا ہے، جو علم کے تمام پہلوؤں کو محیط اور ٹھوس معلومات پر مشتمل ہے۔ مقدمہ کیا ہے، اصل کتاب کی جان ہے، کتاب کا اردو ترجمہ العلم والعلما کے نام سے کچھ عرصہ پیشتر دہلی سے شائع ہوا تھا۔ اب ادارۂ اسلامیات لاہور نے شائع کیا ہے۔ کتاب اپنے موضوع میں منفرد حیثیت کی حامل ہے، ترجمے کی زبان بڑی میٹھی اور رواں دواں ہے، علما و طلبا کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے اور اس کے مندرجات سے استفادہ کرنا چاہیے۔ اس دور میں اس قسم کی کتابوں کی نشر و اشاعت ایک علمی خدمت ہے، جس کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ کتاب مجلد ہے، کاغذ اور کتابت و طباعت دیدہ زیب۔

## مسئلہ تقدیر

ناشر : ادارۂ اسلامیات، انارکلی۔ لاہور

صفحات : ۱۶۰، قیمت پانچ روپے پچیس پیسے

مسئلہ تقدیر، عقائد کے سلسلے میں ایک اہم اور بنیادی مسئلہ ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اس موضوع سے متعلق

© rasailojaraid.com